کمیونٹی پارٹنرز کے لیے: COVID-19 ویکسینوں کے متعلق بات کرنا اور ان پر اعتماد پیدا کرنا

ویکسین پر اعتماد پیدا کرنے میں کمیونٹی پارٹنرز ایک کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ کمیونٹی کے ارکان کے لیے حکومتی اور کلینیکی ذرائع سے آنے والی معلومات کا خاص معنی یا اہمیت نہ ہو۔ بھروسہ مند کمیونٹی پارٹنرز ویکسین کے موضوع کو ان طریقوں سے زبان پر لا اور معلومات پھیلا سکتے ہیں جن کو کمیونٹی کے ارکان سمجھ سکیں۔

پیغام رسانی کی بنیادی باتیں

COVID-19 ویکسینوں کے بارے میں واضح اور درست معلومات بانٹنا ان پر اعتماد پیدا کرنے کے لیے لازمی ہے۔ پیغام رسانی کی اصطلاح اس مکمل نقطہ نگاہ اور ان طریقوں کی تعریف کرنے کے لیے ہے جن کے ذریعے کوئی کسی عنوان کے متعلق معلومات تیار کرتا اور دوسروں کے ساتھ بانٹتا ہے۔ اس کی بنیاد سائنسی شواہد پر ہونی چاہیے اور اس کو بغیر ایسے الفاظ یا زبان استعمال کیے پیش کیا جانا چاہیے جن کو سمجھنا مشکل ہو۔ پیغام رسانی کو تیار کرتے اور دوسروں کے ساتھ بانٹتے وقت کمیونٹی پارٹنرز کو قابلِ بھروسہ ذرائع، جیسے NYC محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت (NYC محکمہ صحت) اور مراکز برائے امراض پر کنٹرول اور روک تھام، کی تازہ ترین رہنمائی استعمال کرنی چاہیے۔

پیغام رسانی کے کلیدی گُر:

- ویکسینوں کے متعلق ذاتی کہانیاں اور دوسروں کے تجربات بانٹیں۔
- مصدقہ بات کریں۔
- یقینی بنائیں کہ آپ کی پیغام رسانی سادہ اور واضح ہو۔

کلیدی پیغامات:

- COVID-19 ویکسینیں محفوظ ہیں۔
- ویکسینیں معاشرے اور اس میں موجود ہر کسی کی حفاظت کرتی ہیں۔
- ویکسینیں ہمارے شہر کی بحالی میں اس کی مدد کرتی ہیں۔

پیغام رسانی تیار اور تخلیق کرنے کے مراحل

یہ وہ مراحل ہیں جن پر آپ اپنی ذاتی پیغام رسانی کو تیار کرنے اور دوسروں کے ساتھ بانٹنے کے لیے عمل کر سکتے ہیں:

مرحلہ 1: اپنے سامعین کو جانیں

- اپنے سامعین کا تعین کریں۔
- آپ کس تک پہنچنا چاہ رہے ہیں؟

تعین کریں کہ ان کے لیے کیا چیز معنی اور اہمیت رکھتی ہے۔

- آپ کے سامعین کی اقدار اور خدشات کیا ہیں؟
- آپ کے سامعین کے ویکسین کے متعلق کیا سوالات ہیں؟

NYC VACCINE FOR ALL: SAFE, FREE, EASY

NYC Health

مرحلہ 2: اپنی پیغام رسانی کو تیار کریں

اپنے سامعین کی اقدار اور خدشات کی بنیاد پر مواد تیار کریں۔

- آپ کے سامعین کے ساتھ کون سی زبان، لہجہ اور تصاویر ہم آہنگ رہیں گی؟
- کون سا انداز (جیسے اشتہاری ورق یا ای میلز) آپ کے سامعین تک بہترین انداز میں پہنچے گا؟

اپنے سامعین کے ساتھ پیغام رسانی کے خیالات بانٹیں اور پوچھیں کہ کیا کارگر ہے اور کس میں بہتری لائی جا سکتی ہے۔ یہ چند مثالیں ہیں:

سامعین کی قدر یا اندیشہ	کس چیز پر توجہ مرکوز کی جائے	پیغام رسانی کی مثال
روایت اور ثقافت	ویکسینیشن تواریخ، ثقافتی افتخار، اور خاندانوں اور ثقافتوں کے لیے احترام کو محفوظ رکھنے میں مدد کرتی ہے۔	"اب جبکہ رمضان ختم ہو رہا ہے، ویکسین لگوائیں تاکہ خاندان اور دوستوں کے ساتھ باحفاظت عید منائیں۔" "ویکسین لگوانا معمر افراد کا تحفظ کرنے میں مدد دیتا ہے۔"
کمیونٹی	کمیونٹی کی شرکت اور معلومات پیغام رسانی کو ثقافتی طور پر متعلقہ بناتی ہیں۔	"ویکسین لگوانا ہماری کمیونٹی کو محفوظ رکھنے اور ہماری اجتماعی صحت کے تحفظ میں مدد دیتا ہے۔"
خاندان	ویکسینیشن ہمیں اپنے خاندانوں کے ساتھ رہنے اور ایک دوسرے کی حفاظت کرنے کے قابل بناتی ہے۔	"COVID-19 نے کئی خاندانوں کو ایک سال سے زائد عرصے تک جدا کیے رکھا، لیکن ویکسینیں ہماری اپنے پیاروں کے ساتھ اکٹھا ہونے میں مدد کرنے کے لیے آ گئی ہیں۔"
چرچ کی اجتماعی سرگرمیاں	ویکسینیشن ہمیں دوسروں کے ساتھ باحفاظت طریقے سے اکٹھا ہونے کے قابل بناتی ہیں۔	"اگرچہ ہم جدا رہے ہیں، ویکسینیں ہمیں دوبارہ اجتماعات میں اکٹھا ہونے کے قابل بناتی ہیں۔"
ویکسین لگوانے کے لیے کام سے ناغہ	کارکنان کے تحفظ نافذ ہیں تاکہ آپ ویکسین لگوا سکیں، اور ویکسینیشن کے طویل مدتی اثرات ہوں۔	"کیا آپ کام سے ناغے کے بارے میں پریشان ہیں؟ آپ کی ملازمت کا تحفظ کرنے اور جتنا وقت آپ کو ویکسین لگوانے کے لیے درکار ہے اس کا معاوضہ دینے کے لیے قوانین موجود ہیں۔"
نگہداشتِ صحت اور حکومت کے نظاموں پر عدم اعتماد	حکومت ویکسینیں اور معاون خدمات فراہم کر کے ان غیر سفید فام کمیونٹیز کی حفاظت کرنا چاہتی ہے جو COVID-19 سے غیر متناسب انداز میں متاثر ہوئی ہیں۔	"نسلی امتیاز کا لوگوں کی زندگیوں پر ہر روز اثر انداز ہونا جاری ہے۔ کئی ادارے کمیونٹی گروپس کے ساتھ کام کر کے نسلی امتیاز سے نمٹنے کے لیے تبدیلیاں لا رہے ہیں۔ یہ ادارے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے بھی اقدامات کر رہے ہیں کہ ہر کسی کو ویکسینوں اور دیگر معاون خدمات تک رسائی حاصل ہو۔

مرحلہ 3: اپنے پیغامات کو دوسروں کے ساتھ بانٹیں

یہ ان طریقوں کی ایک فہرست ہے جن کے ذریعے آپ یا آپ کا ادارہ اپ کے پیغامات کو دوسروں کے ساتھ بانٹ کر آپ کے سامعین تک پہنچ سکتا ہے۔ جو آپ کر سکتے ہیں ان کے برابر کانٹے کا نشان لگائیں اور جو فہرست میں نہیں ان کو لکھ کر شامل کریں۔

- مقامی اشاعتیں جیسے اخبارات یا رسائل
- افراد یا گروہوں کے ساتھ کمیونٹی میں گفتگو

- مذہبی مراکز میں اعلانات
- واٹس ایپ گروپس
- ریڈیو یا ٹاک شوز جیسے پوڈکاسٹس
- پرنٹ کیا گیا مواد جیسے نیوزلیٹرز، اشتہاری ورق، پوسٹرز اور پوڈکاسٹس، جن کو آپ تقسیم کر سکتے ہیں یا کمیونٹی میں سائن بورڈز پر یا دیگر جگھوں پر لگا سکتے ہیں۔
- سوشل میڈیا پر ویڈیوز اور پوسٹس

کسی بھی چیز پر چیک کا نشان لگا کر اس کو ترجیحی بنائیں اور ہر چیز کے لیے ایک منصوبہ بنائیں، بشمول لانچ کا ایک شیڈول، چھوٹی سطح پر شروع کر کے جیسے مناسب ہو وسعت دیتے جانا۔

مرحلہ 4: غور و خوض کریں، نکھاریں اور دہرائیں

پتہ لگائیں کہ کیا چیز کارگر رہی اور کس میں بہتری لائی جا سکتی ہے۔

- کیا آپ کے پیغامات آپ کے سامعین تک پہنچے، ان کے ساتھ ہم آہنگ ہوئے اور ویکسین پر اعتماد بنانے میں مددگار ہوئے؟
- اپنے پیغامات میں اور ان کو پھیلاتے کے اپنے طریقے میں رد و بدل کے لیے آراء کو حسب ضرورت شامل کریں۔

اس میں نکھار لانے کے بعد، اس کو دوبارہ دوسروں کے ساتھ بانٹیں۔ آپ کی کاوشیں اعتماد بنانے میں اور آپ کے سامعین کو تسلی دینے میں مددگار ہیں۔

اضافی وسائل

یہ کمیونٹیز کو COVID-19 سے محفوظ رکھنے میہں مدد دینے کے لیے ویکسین اور COVID-19 سے متعلق کچھ اضافی وسائل ہیں:

- **NYC محکمہ صحت کے پوسٹرز، اشتہاری ورق اور ویڈیوز:**
  - پوسٹرز اور فلائرز کے لیے **nyc.gov/health/coronavirus** پر جائیں اور ویب پیج کی بائیں جانب "Posters and Flyers" (پوسٹرز اور فلائرز) کا ٹیب منتخب کریں۔
  - متعدد زبانوں میں COVID-19 ویکسینوں کے متعلق معلومات کے لیے ملاحظہ کریں **nyc.gov/covidvaccine**۔
  - ویڈیوز کے لیے ملاحظہ کریں **youtube.com/nychealth**۔
- **Kaiser Family Foundation:** نگہداشت صحت کے پیشہ ور افراد کی ویکسین کے متعلق عام سوالات کے جوابات دیتے ہوئے ویڈیوز دیکھنے کے لیے **greaterthancovid.org/theconversation** پر جائیں۔
- **Ad Council:** ویکسین پر اعتماد بنانے کے لیے پیغام رسانی کے متعلق وسائل، تخلیقی اثاثہ جات اور ٹول کِٹس کے لیے ملاحظہ کریں **adcouncil.org/covid-vaccine**۔
- **Amplifier:** ویکسینیشن کو فروغ دینے کے لیے فنّی اور ڈیجیٹل کیمپینز کے لیے ملاحظہ کریں **amplifier.org**۔
- **Vaccine Confidence Arts Response Repository:** ویکسین پر اعتماد بنانے کے فنون اور تہذیب پر مبنی نقطہ نگاہوں کے لیے ملاحظہ کریں **vaccinate.arts.ufl.edu/vaccine-confidence-repository**۔
- **Public Health Collaborative:** سوشل میڈیا ویب سائٹس یا پریزینٹیشنز کے لیے ڈاؤن لوڈ ہو سکنے والے مواد کے لیے ملاحظہ کریں **publichealthcollaborative.org/downloads**۔